**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**10اکتوبر2025ء**

# پریس ریلیز

## دہشت گردی کے واقعات میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویش ناک ہے۔

## مودی اور اُس کے ٹولے کی بھارتی ریاست بہار میں الیکشن سے قبل پاکستان کو دھمکیوں کو سنجیدگی سے لیا جائے۔

## اسرائیل، امریکہ اور بھارت پر مشتمل ابلیسی اتحادِ ثلاثہ پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** دہشت گردی کے واقعات میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویش ناک ہے۔ مودی اور اُس کے ٹولے کی بھارتی ریاست بہار میں الیکشن سے قبل پاکستان کو دھمکیوں کو سنجیدگی سے لیا جائے۔ اسرائیل، امریکہ اور بھارت پر مشتمل ابلیسی اتحادِ ثلاثہ پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مخصوص علاقوں میں بھارت کے تربیت یافتہ دہشت گردوں کا دوبارہ فعال ہو جانا انتہائی تشویش ناک ہے۔ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران شہریوں اور فوجی جوانوں پر پے درپے حملوں میں درجنوں افراد شہید اور شدید زخمی ہو چکے ہیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! اُنہوں نے کہا کہ اِن دہشت گرد گروہوں کو بھارت سے تربیت، مالی امداد اور اسلحہ فراہم ہو رہا ہے جس کے شواہد اظہر من الشمس ہیں۔ دہشت گردی میں ملوث افراد اور گروہوں کا خاتمہ ضروری ہے لیکن وزیر دفاع کا یہ بیان کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشنز کے اثرات اُن علاقوں کے سب افراد کو بھگتنا ہوں گے انتہائی غیر ذمہ دارانہ ہے۔ کیا وزیر دفاع یہ کہنا چاہتے ہیں کہ دہشت گردوں کے ساتھ ساتھ عام شہریوں کو بھی نشانہ بنایا جائے گا؟ امیر تنظیم نے کہا کہ بھارتی ریاست بہار کی الیکشن مہم کے دوران بھارت کے وزیر دفاع اور آرمی چیف کا پاکستان پر دہشت گردی کا جھوٹا الزام لگانا اور دوبارہ حملہ کرنے کی دھمکیاں دینا پورے خطے کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔اِس کے جواب میں ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس اور حالیہ کور کمانڈر کانفرنس میں بھارت کو خبردار کرنا کہ اگر اُس نے آپریشن سندور 2 یا کسی اور نام سے پاکستان کے خلاف مہم جوئی کی کوشش کی تو پاکستان کسی ہچکچاہٹ کے بغیر بھارت کے دور دراز علاقوں میں بھی بھرپور جوابی کارروائی کرے گا، ناگزیر تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ بھارت کو اپنے جارحانہ عزائم میں اسرائیل اور امریکہ کی مکمل معاونت حاصل ہے۔ لہٰذا اِن دھمکیوں کو سنجیدگی سے لیا جائے اور جوابی کارروائی کے لیے بھرپور عسکری تیاری کی جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اور ریاستی اداروں کو اِس بات کا بھی ادراک ہونا چاہیے کہ جب تک ریاستی سطح پر جبر اور ظلم کی حکمرانی رہے گی، عوام بدظن رہیں گے اور جنگیں اُس وقت تک نہیں جیتی جاسکتیں جب تک ملک کے تمام اسٹیک ہولڈرز متحد نہ ہوں۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک کو متحد کرنے کے لیے باطل نظام کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکا جائے اور نظریۂ پاکستان کو عملی تعبیر دیتے ہوئے پاکستان کو صحیح معنوں میں عدلِ اجتماعی کی بنیاد پر اسلامی فلاحی ریاست بنایا جائے۔ تب ہی اللہ تعالیٰ کی مدد بھی آئے گی اور ہم دشمنوں کو دندان شکن جواب دے سکیں گے۔ ان شاءاللہ!

**جاری کردہ**

**رضاءالحق**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: October 10th, 2025**

**The meteoric rise in incidents of terrorism is deeply alarming.**
**Modi and his clique's threats to Pakistan ahead of the Bihar state elections must be treated seriously.**
**The satanic alliance of three – Israel, America, and India – seeks to harm Pakistan.**
**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the reactivation of India-trained terrorist elements in parts of Balochistan and Khyber Pakhtunkhwa is extremely worrying. Over the past weeks, successive attacks on civilians and security personnel have resulted in the shahadah of dozens and seriously wounded many more — *Inna Lillahi wa Inna Ilayhi Raji'un.* He added that there is manifest evidence that these terrorist groups are receiving training, financial support, and weapons from India. While it is essential to eliminate these individuals and groups involved in terrorism, the Defence Minister's remark that the effects of operations against terrorists will be borne by entire local populations is highly irresponsible. Does the Defence Minister mean that civilians will be targeted as well along with terrorists?

**Shujauddin Shaikh** said that during the Bihar election campaign it is extremely dangerous for the region that India's Defence Minister and army chief are making false allegations of Pakistani involvement in terrorism and issuing threats of renewed attacks. In response, the DG ISPR's press conference and the recent corps commanders' conference warning India that any adventurous operation such as "Operation Sindoor 2" or any other campaign against Pakistan will be met with a strong response, even in India's distant areas, was necessary. The reality is that Israel and America provide full support for India's aggressive designs. Therefore, these threats must be taken seriously and full military preparations made for a robust counter-response. He said the government and state institutions must also understand that as long as state-level repression and injustice continue, public distrust will persist and wars cannot be won until all national stakeholders are united. Therefore, the need of the hour is to uproot the corrupt system, restore the ideological basis of the country, and, by implementing the Ideology of Pakistan, transform Pakistan into a true Islamic welfare state based on collective justice. Only then will Allah (*SWT*) grant us help and enable us to deliver a crushing response to our enemies. *In shaa Allah*!

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**